© rasailojaraid.com

# مدیر کے نام

حبیب الرحمٰن چترالی، اسلام آباد

'دنیا و آخرت کے بارے ہمارا رویہ' (جولائی ۲۰۱۷ء) نظر سے گزرا۔ مضمون میں مسئلہ اچھے انداز میں سمجھایا گیا ہے، اور حل کے لیے صرف عقلی دلائل کا سہارا لینے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر: ''ماحول اگر ایمان اور یقین کے لیے سازگار نہیں ہے تو کم از کم کچھ عرصے کے لیے کسی ایسے ماحول میں رہے، جس میں ایمان و یقین کی ترقی کا سامان ہو'۔ میرے نزدیک یہ راہِ فرار کی دعوت ہے۔ ایسے خانقاہی نظام کی بنیادیں اُس مجبوری کے عالم میں اُٹھائی گئی تھیں، جب انگریز سامراج نے اہلِ ایمان کے لیے زندگی گزارنا مشکل تر بنادیا تھا۔ امام مسلم نے مسلم شریف کے دیباچے میں محض 'فضائل' پر انحصار کے نتائج و عواقب سمجھا کر متنبہ کیا ہے۔ بلاشبہہ رمضان المبارک میں مسجد کے اندر ۱۰ روزہ اعتکاف ایک مسنون عمل ہے، مگر سنتِ نبویؐ سے ہٹ کر ۴۰ دن یا چار ماہ، یا عمر بھر، معینہ یا غیر معینہ مدت کے لیے مساجد میں شب باشیاں کرنے کی گنجایش یا حکم کہاں ہے؟

بینا حسین خالدی، احمد پور لمہ، صادق آباد

تاریخ و تذکیر کے سلسلے میں 'صلح حدیبیہ کا تاثراتی مطالعہ' پاکیزہ محسوسات کے اظہار کا بہترین نمونہ ہے، جب کہ 'خلافت اور جمہوریت' ادھورا مضمون محسوس ہوا ہے۔

محمد شفیق اعوان، شمس آباد، حضرو

'مدیر کے نام' (جولائی ۲۰۱۷ء) میں ظہور احمد خاں نے تمام آزاد خیال لوگوں کے فکری افلاس کا خوب تجزیہ کیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس گروہ کی فکریات اور حرکیات کا ٹھیک ٹھیک محاسبہ کیا جائے۔

محمد بشیر چغتائی، واہ کینٹ

عبدالغفار عزیز کے سفرنامے (جون ۲۰۱۷ء) میں پیغام بھی ہے جدت بھی، نیز سوچنے سمجھنے اور کچھ کر گزرنے کا سامان بھی۔ جناب طارق نور الٰہی کی تحریر کردہ 'نماز کے لیے تیس بشارتیں' (جون ۲۰۱۷ء) جیسا حُسنِ انتخاب پیش کرنے پر مبارک قبول فرمایئے۔

عقیل احمد

ترجمان (جون ۲۰۱۷ء) ص ۲۴، سطر ۶ میں اَنفِقُ تحریر ہے۔ 'ق' پر جزم ہونا چاہیے۔ ص ۵۷، آخری سطر اور ص ۵۸ پہلی تین سطور میں اَطَعمَتُ لکھا ہے۔ 'ط' اور 'م' پر جزم ہونا چاہیے۔ 'ع' پر زبر اور 'ت' پر پیش۔ قرآنی متن اور احادیث کی کمپوزنگ کے بعد حروف چینی (پروف ریڈنگ) میں بہت ذمہ داری برتنی چاہیے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



راس الحکمۃ مخافۃ اللہ
WISE
WOMEN'S INTERNATIONAL SCHOOL OF EXCELLENCE

فیڈرل بورڈ سے الحاق شدہ

خواتین کی تعلیم و تربیت کا معیاری رہائشی ادارہ

انگلش میڈیم

وائز سکول اینڈ کالج

برائے خواتین

مکمل اسلامی ماحول کے ساتھ
معیاری ہاسٹل

خصوصیات

- 5 کنال پر مشتمل کشادہ اور وسیع کیمپس
- قرآن مجید مکمل ترجمہ و تفسیر کے ساتھ
- جدید ترین سائنس و کمپیوٹر لیب
- مستحق مگر ذہین طالبات کے لیے خصوصی اسکالرشپ
- جسمانی تربیت اور کھیلوں کے لیے Indoor گیمز ہال
- انگلش/عربی لینگویج، خطاطی، پینٹنگ اور سلائی کڑھائی کے خصوصی کورسز

We Offers

School Section (Play Group To Matric (Science & Arts)

College Section: F.A, FSc, ICS, B.A




Apply Now For
F.A, FSc, ICS & B.A

پرنسپل
حافظ تنویر احمد
0333-5106711

WISE
WOMEN'S INTERNATIONAL SCHOOL OF EXCELLENCE

Nai Abadi, Bhara Kahu, Islamabad
Tel: 051-2303663, 2303940 E-mail: wiseisb@yahoo.com
Website: wise.org.pk

© rasailojaraid.com